# اتوار 4 جنوری، 2026

## مضمون۔ خدا

سنہری متن: **امثال 18 باب 10 آیت**

---

’’خداوند کا نام محکم برج ہے صادق اُس میں بھاگ جاتا ہے اور امن میں رہتا ہے۔‘‘

---

جوابی مطالعہ: **استثنا 28 باب 1 تا 6، 9 آیات**

1۔ اور اگر تُو خداوند اپنے خدا کی بات کو جانفشانی سے مان کر اُس کے سب حکموں پر جو آج کے دن میں تجھ کو دیتا ہوں احتیاط سے عمل کرے۔

2۔ اور اگر تُو خداوند اپنے خدا کی بات سنے تو یہ سب برکتیں تجھ پر نازل ہوں گی اور تجھ کو ملیں گی۔

3۔ شہر میں بھی تُو مبارک ہو گا اور کھیت میں بھی مبارک ہو گا۔

4۔ تیری اولاد اور تیری زمین کی پیداوار اور تیرے چوپائیوں کے بچے یعنی گائے بیل کی بڑھتی اور تیری بھیڑ بکریوں کے بچے مبارک ہوں گے۔

5۔ تیرا ٹوکرا اور تیری کٹھوتی دونوں مبارک ہوں گے۔

6۔ اور تُو اندر آتے وقت مبارک ہو گا اور باہر جاتے وقت بھی مبارک ہو گا۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ’’سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ‘‘ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

9۔ اگر تُو خداوند اپنے خدا کے حکموں کو مانے اور اُس کی راہوں پر چلے تو خداوند اپنی اُس قسم کے مطابق جو اُس نے تجھ سے کھائی تجھ کو اپنی پاک قوم بنا کر رکھے گا۔

## درسی وعظ

## بائبل میں سے

### 1۔ زبور 42 باب 1، 2 (تا :)، 3، 8، 11 آیات

1۔ جیسے ہرنی پانی کے نالوں کو ترستی ہے ویسے ہی اے خدا! میری روح تیرے لئے ترستی ہے۔

2۔ میری روح خدا کی، زندہ خدا کی پیاسی ہے۔

3۔ میرے آنسو دن رات میری خوراک ہیں۔ جس حال کہ وہ مجھ سے برابر کہتے ہیں تیرا خدا کہاں ہے؟

8۔ اب دن کو خداوند اپنی شفقت دکھائے گا۔ اور رات کو میں اُس کا گیت گاؤں گا بلکہ اپنی حیات کے خدا سے دعا کروں گا۔

11۔ اے میری جان تُوں کیوں گری جاتی ہے؟ تُو اندر ہی اندر کیوں بے چین ہے؟ خدا سے امید رکھ کیونکہ وہ میرے چہرے کی رونق اور میرا خدا ہے۔

### 2۔ پیدائش 39 باب 20 (یوسف)، 21 (تا دوسری ،) آیات

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

20۔اور یوسف کے آقا نے اُس کو لے کر اُسے قید خانہ میں ڈال دیا، جہاں بادشاہ کے قیدی بند تھے۔ سو وہ وہاں قید خانہ میں رہا۔

21۔ لیکن خداوند یوسف کے ساتھ تھا۔اُس نے اُس پر رحم کیا۔

## 3۔ پیدائش 41 باب 1(تا:)، 9(تا دوسری،)، 12(وہاں تھا)(تا دوسری،)، 12(اور اُس نے تشریح کی)(تا؛)، 14(تا:)، 15، 16، 25، 37تا40(تا:) آیات

1۔ پورے دو برس کے بعد فرعون نے خواب دیکھا۔

9۔اُس وقت سردار ساقی نے فرعون سے کہا،

12۔۔۔وہاں ایک عبرانی جوان ہمارے ساتھ تھا،۔۔۔اور ہم میں سے ہر ایک کو ہمارے خواب کے مطابق اُس نے تعبیر بتائی۔

14۔تب فرعون نے یوسف کو بلوا بھیجا۔ سو انہوں نے جلد اُسے قید خانہ سے باہر نکالا۔

15۔ فرعون نے یوسف سے کہا میں نے ایک خواب دیکھا ہے جس کی تعبیر کوئی نہیں کر سکتا اور مجھ سے تیرے بارے میں کہتے ہیں کہ تُو خواب کو سن کر اُس کی تعبیر کرتا ہے؟

16۔ یوسف نے فرعون کو جواب دیا کہ میں کچھ نہیں جانتا۔ خدا ہی فرعون کو سلامتی بخش جواب دے گا۔

25۔تب یوسف نے فرعون سے کہا کہ فرعون کا خواب ایک ہی ہے۔ جو کچھ خدا کرنے کو ہے اُسے اُس نے فرعون پر ظاہر کیا ہے۔

37۔ یہ بات فرعون اور اُس کے سب خادموں کو پسند آئی۔

38۔ سو فرعون نے اپنے سب خادموں سے کہا کیا ہم کو ایسا آدمی جیسا یہ ہے جس میں خدا کی روح ہے مل سکتا ہے؟

39۔ اور فرعون نے یوسف سے کہا چونکہ خدا نے تجھے سب کچھ سمجھا دیا ہے اِس لئے تیری مانند دانشور اور عقلمند کوئی نہیں۔

40۔ سو تُو میرے گھر کا مختار ہو گا اور میری ساری رعایا تیرے حکم پر چلے گی۔

## 4۔ یسعیاہ 41 باب 2 (تا؟)، 4، 8 تا 10، 13 آیات

2۔ کس نے مشرق سے اُس کو برپا کیا جس کو وہ صداقت سے اپنے قدموں میں بلاتا ہے؟ وہ قوموں کو اُس کے حوالے کرتا ہے اور اُسے بادشاہوں پر مسلط کرتا ہے۔

4۔ یہ کس نے کیا اور ابتدائی پشتوں کو طلب کر کے انجام دیا؟ میں خداوند جو اول و آخر ہے، وہ میں ہی ہوں۔

8۔ پر تُو اے اسرائیل میرے بندے! اے یعقوب جس کو میں نے پسند کیا جو میرے دوست ابرہام کی نسل سے ہے۔

9۔ تُو جس کو میں نے زمین کی انتہا سے بلایا اور اُس کے سوانوں سے طلب کیا اور تجھ کو کہا تو میرا بندہ ہے میں نے تجھ کو پسند کیا اور تجھے رد نہ کیا۔

10۔ تُو مت ڈر کیونکہ میں تیرے ساتھ ہوں۔ ہراساں نہ ہو کیونکہ میں تیرا خدا ہوں میں تجھے زور بخشوں گا۔ میں یقیناً تیری مدد کروں گا اور میں اپنی صداقت کے دہنے ہاتھ سے تجھے سنبھالوں گا۔

13۔ کیونکہ میں خداوند تیرا خدا تیرا دہنا ہاتھ پکڑ کر کہوں گا مت ڈر میں تیری مدد کروں گا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 5۔ مرقس 1 باب 1، 32 تا 34 آیات

1۔ یسوع مسیح ابن خدا کی خوشخبری کا شروع۔

32۔ شام کو جب سورج ڈوب گیا تو لوگ سب بیماروں کو اور اُن کو جن میں بدروحیں تھیں اُس کے پاس لائے۔

33۔ اور سارا شہر دروازے پر جمع ہو گیا۔

34۔ اور اُس نے بہتوں کو جو طرح طرح کی بیماریوں میں گرفتار تھے اچھا کیا اور بہت سی بدروحوں کو نکالا اور بد روحوں کو بولنے نہ دیا کیونکہ وہ اُس کو پہچانتی تھیں۔

## 6۔ یوحنا 12 باب 1، 20، 23 (تا دوسری)، 26، 28 تا 30 آیات

1۔ پھر یسوع فسح سے چھ روز پہلے بیتِ عنیاہ میں آیا جہاں لعزر تھا جسے یسوع نے مردوں میں سے جلایا تھا۔

20۔ جو لوگ عید پر پرستش کرنے آئے تھے اُن میں بعض یونانی تھے۔

23۔ یسوع نے جواب میں اُن سے کہا وہ وقت آ گیا کہ ابنِ آدم جلال پائے۔

26۔ اگر کوئی شخص میری خدمت کرے تو میرے پیچھے ہو لے اور جہاں میں ہوں وہاں میرا خادم بھی ہو گا، اگر کوئی میری خدمت کرے تو باپ اُس کی عزت کرے گا۔

28۔ اے باپ! اپنے نام کو جلال دے۔ پس آسمان سے آواز آئی کہ میں نے اُس کو جلال دیا ہے اور پھر بھی دوں گا۔

29۔ جو لوگ کھڑے سن رہے تھے اُنہوں نے کہا بادل گرجا۔ اوروں نے کہا کہ فرشتہ اُس سے ہمکلام ہوا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

30۔ یسوع نے جواب میں کہا کہ آواز میرے لئے نہیں بلکہ تمہارے لئے آئی ہے۔

## 7۔ یوحنا 14 باب 8 تا 13 آیات

8۔ فلپس نے اُس سے کہا اے خداوند! باپ کو ہم کو دکھا۔ یہی ہمیں کافی ہے۔

9۔ یسوع نے اُس سے کہا اے فلپس! میں اِتنی مدت سے تمہارے ساتھ ہوں کیا تُو مجھے نہیں جانتا؟ جس نے مجھے دیکھا ہے اُس نے باپ کو دیکھا ہے۔ تُو کیونکر کہتا ہے کہ باپ کو ہمیں دکھا؟

10۔ کیا تُو یقین نہیں کرتا کہ میں باپ میں ہوں اور باپ مجھ میں ہے؟ یہ باتیں جو میں تم سے کہتا ہوں اپنی طرف سے نہیں کہتا لیکن باپ مجھ میں رہ کر کام کرتا ہے۔

11۔ میرا یقین کرو کہ میں باپ میں ہوں اور باپ مجھ میں۔ نہیں تو میرے کاموں ہی کے سبب سے میرا یقین کرو۔

12۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو مجھ پر ایمان رکھتا ہے یہ کام جو میں کرتا ہوں وہ بھی کرے گا بلکہ اِن سے بھی بڑے کام کرے گا کیونکہ میں باپ کے پاس جاتا ہوں۔

13۔ اور جو کچھ تم میرے نام سے چاہو گے میں وہی کروں گا تاکہ باپ بیٹے میں جلال پائے۔

## 8۔ 2 کرنتھیوں 4 باب 6 آیت

6۔ اِس لئے کہ خدا ہی ہے جس نے فرمایا کہ تاریکی میں سے نور چمکے اور وہی ہمارے دلوں میں چمکا تاکہ خدا کے جلال کی پہچان کا نور یسوع مسیح کے چہرے سے جلوہ گر ہو۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

# سائنس اور صحت

## 1۔ 23:108 (زندگی)۔24(تا؛)

زندگی، سچائی اور محبت قادرا مطلق اور ازلی ہیں؛

## 2۔ 30-25:180

جب خدا، ازلی فہم جو سب باتیں سمجھتا ہے، انسان پر حکومت کرتا ہے تو انسان جانتا ہے کہ خدا کے لئے سب کچھ ممکن ہے۔ اِس زندہ سچائی کو جاننے کا واحد راستہ، جو بیمار کو شفا دیتی ہے، الٰہی فہم کی سائنس میں پایا جاتا ہے کیونکہ یہ مسیح یسوع کے وسیلہ سے سکھائی گئی اور ظاہر ہوئی۔

## 3۔ 25-14:495

سوال۔ کرسچن سائنس کو سمجھنے میں میں کیسے تیزی کے ساتھ ترقی کر سکتا ہوں؟

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

جواب۔ خط کا پوری طرح مطالعہ کریں اور روح کو اپنے اندر سمو لیں۔ کرسچن سائنس کے الٰہی اصول پر عمل پیرا ہوں اور ثابت قدمی کے ساتھ حکمت، محبت اور سچائی پر قائم رہتے ہوئے خدا کے احکامات کی پیروی کریں۔ عقل کی سائنس میں آپ کو جلد ہی پتہ چل جائے گا کہ غلطی غلطی کو نیست نہیں کر سکتی۔ آپ یہ بھی سیکھیں گے کہ سائنس میں ایک انسان سے دوسرے انسان کو برے مشورے منتقل نہیں ہوتے۔ یہاں ماسوائے ایک عقل کے اور کوئی نہیں، اور یہ ہمہ وقت موجود قادرِ مطلق عقل کی انسان کی بدولت عکاسی کرتی اور یہ پوری کائنات پر حکمرانی کرتی ہے۔ آپ یہ سیکھیں گے کہ کرسچن سائنس میں پہلا فرض خدا کی فرمانبرداری کرنا، ایک عقل رکھنا اور دوسروں کے ساتھ اپنی مانند محبت رکھنا ہے۔

ہم سب کو یہ سیکھنا چاہئے کہ زندگی خدا ہے۔ خود سے سوال کریں: کیا میں ایسی زندگی جی رہا ہوں جو اعلیٰ اچھائی تک رسائی رکھتی ہے؟ کیا میں سچائی اور محبت کی شفائیہ قوت کا اظہار کر رہا ہوں؟ اگر ہاں، تو ”دوپہر تک“ راستہ روشن ہوتا جائے گا۔ آپ کے پھل وہ سب کچھ ثابت کریں جو خدا کا ادراک انسان کے لئے مہیا کرتا ہے۔

## 4۔ 231:3۔4، 8۔11، 20۔29

خود کو گناہ سے برتر بنائے رکھنا حقیقی حکمت ہے، کیونکہ خدا نے آپ کو اِس سے برتر ہی بنایا ہے اور وہ انسان پر حکمرانی کرتا ہے۔ گناہ سے ڈرنا محبت کی طاقت کو خدا کے ساتھ انسان کے تعلق میں الٰہی سائنس کی ہستی کو غلط سمجھنا ہے، یعنی اُس کی حکمرانی پر شک کرنا اور اُس کی قادرِ مطلق حفاظت پر عدم اعتماد کرنا ہے۔ خود کو بیماری اور موت سے برتر بنائے رکھنا اس کے متوازی عقلمندی اور الٰہی سائنس کے عین مطابق ہے۔ جب آپ خدا کو اور یہ جاننے میں بالکل غلط ہوتے ہیں کہ یہ اُس کی تخلیق کا حصہ ہیں تو اِن سے خوف زدہ ہونا ناممکن ہو جاتا ہے۔

جب تک ایک بیماری کے ساتھ سچائی کے وسیلہ درست طور پر نپٹا اور مناسب طور پر اسے فتح نہ کیا جائے، بیماری پر کبھی قابو نہیں پایا جاسکتا۔۔۔۔ اگر خدا ہی بیمار کو شفا نہیں دیتا، تو وہ شفایاب نہیں ہو سکتے، کیونکہ کوئی کمتر قوت لامتناہی قادر مطلق کی قوت کے برابر نہیں؛ بلکہ خدا، حق، زندگی، محبت، بیمار کو راستبازوں کی دعاؤں کے وسیلہ شفا دیتا ہے۔

## 5۔ 2:1 (کیا)۔7

دعا کے مقاصد کیا ہیں؟ کیا ہم اپنے آپ کو بہتر بنانے کے لیے دعا کرتے ہیں یا ان لوگوں کو فائدہ پہنچانے کے لیے جو ہمیں سنتے ہیں، لامحدود کو منور کرنے کے لیے یا لوگوں کو سنانے کے لئے؟ کیا دعا کرنے سے ہم فائدہ اٹھا رہے ہیں؟ جی ہاں، وہ خواہش جو راستبازی کی بھوک کی جانب لے جاتی ہے وہ ہمارے باپ کی برکت ہے، اور وہ ہمارے پاس خالی واپس نہیں آتی۔

## 6۔ 19-6:13

اگر ہم خفیہ طور پر خواہش نہیں رکھتے اور کھلے عام اُس کی تکمیل کے لئے کوشاں نہیں ہوتے جو کچھ ہم مانگتے ہیں، تو ہماری دعائیں ''بک بک'' ہیں، جیسے کہ غیر قومیں کرتی ہیں۔ اگر ہماری منتیں مخلص ہیں، ہمارے مانگنے کے لئے ہم محنت کرتے ہیں تو ہمارا باپ جو پوشیدگی میں دیکھتا ہے، ہمیں کھلے عام اُس کا بدلہ دے گا۔ کیا ہماری خواہشات کا محض عوامی اظہار اُن میں اضافہ کر سکتا؟ کیا خیالات کی بجائے الفاظ کے ذریعے ہم قادرِ مطلق کان تک جلدی پہنچ پاتے ہیں؟ دعا مخلصانہ ہو تو بھی خدا ہماری ضرورت کو جانتا ہے اِس سے پہلے کہ ہم اُسے یا ہمارے ساتھیوں کو اِس سے متعلق بتائیں۔ اگر ہم ایمانداری اور خاموشی اور عاجزی کے ساتھ خواہش کو پالیں گے تو خدا اس میں برکت دے گا، اور ہم اپنی حقیقی خواہشات کو لفظوں کے طوفان سے مغلوب کرنے کا کم خطرہ اُٹھائیں گے۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 7۔ 32-28:323

کرسچن سائنس کے اثرات اِس قدر دیکھے نہیں جاتے جتنے کہ یہ محسوس کئے جاتے ہیں۔ یہ سچائی کی ”دبی ہوئی ہلکی آواز“ ہے جو خود سے مخاطب ہے۔ یا تو ہم اِس آواز سے دور بھاگ رہے ہیں یا ہم اِسے سُن رہے ہیں اور اُونچے ہو رہے ہیں۔

## 8۔ 18-324:7

جب تک ہم آہنگی اور انسان کی لافانیت زیادہ واضح نہیں ہو جاتے، تب تک ہم خدا کا حقیقی تصور نہیں پا سکتے، اور بدن اس کی عکاسی کرے گا جو اُس پر حکمرانی کرتا ہے خواہ یہ سچائی ہو یا غلطی، سمجھ ہو یا عقیدہ، روح ہو یا مادہ۔ لٰہذہ، ”اُس سے ملا رہ تو سلامت رہے گا۔“ ہوشیار، سادہ اور چوکس رہیں۔ جو رستہ اس فہم کی جانب لے جاتا ہے کہ واحد خدا ہی زندگی ہے وہ رستہ سیدھا اور تنگ ہے۔ یہ بدن کے ساتھ ایک جنگ ہے، جس میں گناہ، بیماری اور موت پر ہمیں فتح پانی چاہیے خواہ یہاں یا اس کے بعد، یقیناً اس سے قبل کہ ہم روح کے مقصد، یا خدا میں زندگی حاصل کرنے تک پہنچ پائیں۔

## 9۔ 22-326:16

صحیح ڈھنگ سے زندگی گزارنے کا مقصد اور غرض اب حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ یہ فتح کیا گیا نقطہ آپ نے ویسے ہی شروع کیا جیسے یہ کرنا چاہیے تھا۔ آپ نے کرسچن سائنس کا عددی جدول شروع کیا ہے، اور کچھ نہیں ہو گا

---

*بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔*

ماسوائے غلط نیت آپ کی ترقی میں رکاوٹ بنے گی۔ سچے مقاصد کے ساتھ کام کرنے اور دعا کرنے سے آپ کا باپ آپ کے لئے راستہ کھول دے گا۔ "کس نے تمہیں حق کے ماننے سے روک دیا؟"

## 10۔ 17-4:191

جب بشر اِس وہم کو ترک کر دیتے ہیں کہ عقل ایک سے زیادہ ہے، خدا ایک سے زیادہ ہے، تو انسان خدا کی شبیہ میں سامنے آئے گا، اور یہ ابدی انسان اِس شبیہ میں کوئی مادی عنصر شامل نہیں کرے گا۔

بطور مادا، نظریاتی زندگی کی بنیاد وجودیت کی غلط فہمی سمجھی گئی ہے، یعنی انسان کا وہ روحانی اور الٰہی اصول جو انسانی سوچ پر نازل ہوتا ہے اور اِسے وہاں لے جاتا ہے "جہاں چھوٹا بچہ تھا،" حتیٰ کہ جدید پرانے خیال کی پیدائش پر ہستی کے روحانی فہم اور وہاں تک جسے زندگی میں شامل کیا گیا ہو۔ لٰہذہ غلطی کی تاریکی کا تعاقب کرتے ہوئے، پوری زمین روشنی سے متعلق اِس کی آراء پر سچائی کی طرف سے تبدیل ہوں گے۔

انسانی سوچ کو خود آوردہ مادیت اور قید سے اپنے آپ کو آزاد کرنا چاہئے۔

## 11۔ 17-9:503

الٰہی اصول اور خیال روحانی ہم آہنگی، آسمان اور ابدیت، تشکیل دیتے ہیں۔ سچائی کی کائنات میں، مادا گمنام ہے۔ غلطی کا کوئی مفروضہ وہاں داخل نہیں ہوتا۔ غلطی کی تاریکی سے الٰہی سائنس، یعنی خدا کا کلام کہتا ہے کہ، "خدا احاکم

کُل'' ہے، اور ازل سے موجود محبت کی روشنی کائنات کو روشن کرتی ہے۔ پس ابدی عجوبہ، کہ لا متناہی خلا خدا کے خیالات سے آباد ہے، جو اُسے بیشمار روحانی اشکال کی عکاسی کرتا ہے۔

**12۔ 276:9۔11**

انسان اور اُس کا خالق الٰہی سائنس میں باہمی شراکت رکھتے ہیں، اور حقیقی شعور صرف خدا کی باتوں سے ہی پہچانا جاتا ہے۔

# روزمرہ کے فرائض

منجاب میری بیکر ایڈی

## روزمرہ کی دعا

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ ہر روز یہ دعا کرے: ''تیری بادشاہی آئے؛'' الٰہی حق، زندگی اور محبت کی سلطنت مجھ میں قائم ہو، اور سب گناہ مجھ سے خارج ہو جائیں؛ اور تیرا کلام سب انسانوں کی محبت کو وافر کرے، اور اُن پر حکومت کرے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 4۔*

## مقاصد اور اعمال کا ایک اصول

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

نہ کوئی مخالفت نہ ہی کوئی محض ذاتی وابستگی مادری چرچ کے کسی رکن کے مقاصد یا اعمال پر اثر انداز ہونے چاہئیں۔ سائنس میں، صرف الٰہی محبت حکومت کرتی ہے، اور ایک مسیحی سائنسدان گناہ کو رد کرنے سے، حقیقی بھائی چارے، خیرات پسندی اور معافی سے محبت کی شیریں آسائشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ اس چرچ کے تمام اراکین کو سب گناہوں سے، غلط قسم کی پیشن گوئیوں، منصفیوں، مذمتوں، اصلاحوں، غلط تاثرات کو لینے اور غلط متاثر ہونے سے آزاد رہنے کے لئے روزانہ خیال رکھنا چاہئے اور دعا کرنی چاہئے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 1۔*

# فرض کے لئے چوکسی

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر روز جارحانہ ذہنی آراء کے خلاف خود کو تیار رکھے، اور خدا اور اپنے قائد اور انسانوں کے لئے اپنے فرائض کو نہ کبھی بھولے اور نہ کبھی نظر انداز کرے۔ اس کے کاموں کے باعث اس کا انصاف ہوگا، وہ بے قصور یا قصوار ہوگا۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 6۔*

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔